سوال

(437) مسلمان کی وفات کے بعد عیسائی بیوی سے پیدا شدہ اولاد کی پرورش کا حقدار کون ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب مسلمان شخص فوت ہوجائے اوراس کی عیسائی بیوی سے پیدا شدہ اولاد کی پرورش کا حق کسے حاصل ہوگا مسلمان شخص کے دیگر مسلمان رشتہ دار بھی بہت دور ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اہل علم کی اکثریت کا کہنا ہے کہ بچوں کو کسی کافر کی پرورش میں نہیں دیا جائے گا۔ (تفصیل کے لیے دیکھئے، المغنی لابن قدامہ 412/11)اس لیے اگر آدمی کے مسلمان رشتہ دار بہت زیادہ دور ہوں تو بچوں کو ان کے پاس بھیجا جائے گا اگر یہ ممکن نہیں تو بچوں کو کسی مسلمان گھرانے کے سپرد کردیا جائے گا تاکہ وہ ان کی دیکھ بھال اور اسلامی تربیت کر سکیں۔ (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص525

محدث فتویٰ